اداریہ

خداوند یسوع مسیح کے عظیم اور بابرکت نام میں آپ سب کی سلامتی ہو!

ہر ماہ کی طرح اس ماہ بھی آپ کے لیے خداوند کے زندہ پاک کلام میں تعلیمات کا گلدستہ لائیں ہیں اس یقین کامل کے ساتھ کہ خدا کا کلام ہمارے قدموں کے چراغ اور ہماری راہ کے لیے روشنی ہے۔ اگر ہم اسکی روشنی میں چلیں تو کبھی ٹھوکر نا کھائیں گے۔ ایک ہفتہ پہلے ہمارے یہاں بچوں کے لیے پانچ دن کا بائبل کیمپ تھا جس میں دوسو پانچ بچوں نے شرکت کی، ان پانچ دنوں میں مضمون کی ترتیب اس طرح سے کی گئی تھی کہ تخلیق، یعنی پیدائش کی کتاب سے لیکر مکاشفہ کی کتاب تک سفر مقصد تھا، اس ترتیب کے اعتبار سے چوتھے دن ہمارے خداوند کی مصلوبیت، اور جی اُٹھنے کے بارے میں سبق تھا اسی سبق کے اختتام پر بچوں کو دعوت دی گئی کہ اگر وہ اپنی زندگیاں خداوند یسوع مسیح کو دینا چاہتے ہیں تو آج ہاتھ اُٹھا کر یہ فیصلہ کر سکتے ہیں، دوسو پانچ بچوں میں سے سترہ بچوں نے خداوند یسوع مسیح کو اپنا شخصی نجات دہندہ قبول کیا اُن میں ایک گیارہ سال کی لڑکی بھی تھی۔ اُس نے دعا کی اور یسوع مسیح کو اپنی زندگی میں آنے کے لیے کہا، بعدازاں اُسی لڑکی نے اُس شخص کو جس ساتھ اُس نے دعا کی تھی سوال کیا ''میری ماں کہتی ہے کہ یہ جاننا ناممکن ہے کہ کون آسمان میں جائے گا، کیا یہ درست ہے؟'' چھوٹی بچی کی آنکھوں میں یہ سوال کرتے ہوئے آنسو تھے۔ اُس کے مددگار نے کلام مقدس کی روشنی میں اُسے سمجھایا کہ جس لمحے ہم گناہ سے توبہ کر کے خداوند یسوع مسیح کو اپنے زندگی میں آنے کی دعوت دیتے ہیں، ہماری زندگیوں میں یہ چند ایک باتیں یقینی طور پر ہوتی ہیں۔

ا۔ ہم نئی پیدائش کے زریعے خدا باپ کے خاندان کا حصہ بنتے ہیں، اور یہ رشتہ نا ٹوٹنے والا ہے۔ یوحنا ۱:۱۲

۲) ہم ہمیشہ کی زندگی کے وارث بنتے ہیں۔ صلیب پر ڈاکو نے جونہی اقرار اور درخواست کی، اُسی لمحے وہ ہمیشہ کی زندگی کا وارث ہوا۔

۳) روح القدس ہماری زندگیوں میں آ کر بستا ہے تا کہ ہمیں یسوع کی فرمانبرداری کے لیے قوت عطا کرے۔

۴) ہم زمین پر ایک بہت بڑے خاندان کا حصہ بنتے ہیں جسے کلیسیاہ کہا جاتا ہے۔

ہماری کلیسیاؤں میں کتنے ایسے لوگ ہیں جو بار بار یسوع مسیح کو اپنی زندگیوں میں آنے کی دعوت دیتے ہیں کیونکہ اُنہیں یقین ہی نہیں ہوتا کہ ایک بار یسوع مسیح کو اپنی زندگی میں قبول کرنے کے بعد سے وہ ہمیشہ کی زندگی کے وارث ہیں۔ اگر آپ نے کبھی اپنی زندگی میں گناہوں سے توبہ کر کے خداوند یسوع مسیح کو اپنی زندگی میں آنے کی دعوت دی ہے اور اُسے اپنا شخصی نجات دہندہ مانا ہے تو آپ ہمیشہ کی زندگی کے وارث ہیں اور یسوع آپ کے دل میں رہتا ہے یہ یقین ہمیشہ اپنے ساتھ، اپنے سامنے رکھیں اور اسی یقین میں رہتے ہوئے دعا میں اُس سے بات کرتے رہیں، اور کتاب مقدس پڑھنے سے خدا کی آواز کو سُنتے رہیں، جہاں آپس میں بات چیت نا ہو وہاں رشتہ کمزور پڑتا ٹوٹتا نہیں، خاص کر خدا کے ساتھ! خداوند میں مسرور رہیں۔ آمین